دیامیر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کے فنڈز میں حصہ ڈالیں

# ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)

## ملازمت کے مواقع

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی میپکو کو اسسٹنٹ لائن مین (BPS-05) کی آسامی پر ابتدائی طور پر ایک سالہ کنٹریکٹ کی بنیاد (تسلی بخش کارکردگی کی صورت میں قابل توسیع) پر بھرتی کیلئے درج ذیل اہلیت کے حامل امیدواروں سے بذریعہ نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS) درخواستیں مطلوب ہیں۔ تمام کوٹہ پر حکومت پاکستان کے احکامات کے مطابق عمل ہوگا۔

مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور دیگر شرائط درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | آسامی کا نام | بنیادی سکیل | آسامیوں کی تعداد | کوٹہ ضلع کے مطابق (اوپن) | عمر کی حد بشمول بالائی عمر کی حد میں گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق 5 سال کی رعایت | مطلوبہ قابلیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | اسسٹنٹ لائن مین (ALM) | 05 | میرٹ (اوپن): 613<br>میپکو ایمپلائی چلڈرن کوٹہ: 164<br>اقلیت: 41<br>ٹوٹل: 818 | ملتان ۔ 22<br>خانیوال ۔ 25<br>ساہیوال ۔ 89<br>رحیم یار خان ۔ 190<br>ڈی جی خان ۔ 21<br>وہاڑی ۔ 27<br>بہاولپور ۔ 170<br>بہاولنگر ۔ 69<br>ٹوٹل: 613 | 18 سے 30 سال درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ تک | کم از کم تعلیم میٹرک<br>جسمانی معیار:<br>(a) میڈیکل کیٹگری "A"<br>(b) قد: کم از کم: 5 فٹ 4 انچ<br>(c) چھاتی: کم از کم: 32 انچ<br>(d) وزن: باڈی ماس انڈکس چارٹ (BMI) کے مطابق بالائی حد میں 5% رعایت (وزن زیادہ ہونے کی صورت میں)<br>سکِل ٹیسٹ:<br>درج بالا معیار پورا کرنے والے اُمیدواروں کو سکِل ٹیسٹ کیلئے بلایا جائے گا جو میٹرک لیول کا ہوگا۔ سکِل ٹیسٹ پاس کرنے والے اُمیدواروں کو فزیکل ٹیسٹ کیلئے بلایا جائے گا۔<br>فزیکل ٹیسٹ:<br>(a) دوڑ: 800 میٹر 5 منٹ میں<br>(b) پش اپ/ڈنڈ: 3 منٹوں میں 20 (ایک ہی کوشش میں)<br>(c) ویٹ لفٹنگ: 30 کلوگرام (ایک ہی کوشش میں)<br>(d) کھدائی: ایک گڑھا جس کی لمبائی، گہرائی، چوڑائی (2x2x2)<br>(e) بلندی پر چڑھنا (کھمبا/سیڑھی): حفاظتی آلات پہن کر کھمبا/سیڑھی پر 10 فٹ چڑھنا<br>(f) تاریں کھینچنا: 100 فٹ (ایک ہی span میں)<br>نوٹ:-<br>1- سکِل ٹیسٹ میں کم از کم 50% نمبر حاصل کرنے والے اُمیدوار کو جسمانی برداشت / فزیکل ٹیسٹ کیلئے بلایا جائے گا اور جسمانی برداشت / ٹیسٹ میں کم از کم 50% نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کی شارٹ لسٹنگ کے معیارات کے تحت قرعہ اندازی / حتمی انتخاب کیا جائے گا۔<br>2- معذور افراد اور خواتین ALM کی پوسٹ کیلئے اہل نہیں ہیں۔<br>3- کامیاب اُمیدواروں کو ALM (BPS-05) میں بھرتی کیا جائے گا اور دو سالہ تسلی بخش کارکردگی پر اور لازمی ٹریننگ پاس کرنے پر BPS-07 دیا جائے گا۔ |

EDUCATIVZ.COM

امیدوار NTS کی ویب سائٹ پر اپلائی کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات اور شرائط غور سے پڑھیں۔

### ہدایات اور شرائط وضوابط:-

1. تمام ٹیسٹوں کا انعقاد بذریعہ NTS کیا جائے گا لہٰذا اُمیدوار NTS کی ویب سائٹ www.nts.org.pk پر آن لائن اپلائی کریں گے اور انہی اُمیدواروں کو شارٹ لسٹ کیا جائے گا۔ میپکو ہیڈکوارٹر پر دی گئی کسی درخواست کو شامل نہیں کیا جائے گا۔
2. صرف میپکو کی حدود کا ڈومیسائل رکھنے والے اُمیدوار ALM کی پوسٹ کیلئے اہل ہیں۔ میپکو کی حدود میں ملتان، بہاولپور، بہاولنگر، ڈیرہ غازی خان، خانیوال، لودھراں، لیہ، مظفرگڑھ، پاکپتن، رحیم یار خان، راجن پور، ساہیوال اور وہاڑی کے اضلاع شامل ہیں۔
3. بالائی عمر کی حد میں 5 سال کی رعایت پہلے ہی دی جا چکی ہے لہٰذا مزید رعایت نہ دی جائے گی۔
4. تعلیمی قابلیت کے سرٹیفکیٹ اپلائی کرتے وقت دینا ضروری نہ ہیں البتہ حتمی انتخاب کے وقت اصل تعلیمی قابلیت کے تمام کاغذات جمع کروانا لازمی ہیں۔
5. مطلوبہ میٹرک سند مکمل کرنے والے اُمیدوار ہی ALM کیلئے اپلائی کرنے کے اہل ہوں گے۔ وہ اُمیدوار جنہیں میٹرک کی سند جاری نہیں ہوئی وہ اپلائی کرنے کے اہل نہ ہیں۔
6. گورنمنٹ/واپڈا/ڈسکوز ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے اپلائی کریں۔ 2 سال کی مدت ملازمت مکمل کرنے والے ملازمین کو بالائی عمر کی حد میں مزید 10 سال کی (کل 55 سال تک) رعایت ہوگی۔
7. کسی بھی ادارے سے برخواست/برطرف/نکالے گئے یا مجرمانہ ریکارڈ کے حامل افراد میپکو میں ملازمت کے اہل نہ ہوں گے۔
8. ٹیسٹ کیلئے آنے والے اُمیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔
9. NTS ایس ایم ایس کے ذریعے اُمیدواروں کو امتحان کی تاریخ کے بارے میں بھی مطلع کرے گا۔
10. غیر مکمل اور غلط پُر کئے گئے درخواست فارم اور مقررہ تاریخ کے بعد اپلائی کرنے والے اُمیدواروں کو نا اہل تصور کیا جائے گا۔
11. حقائق چھپانے/غلط بیانی کی صورت میں اُمیدوار کو کسی بھی مرحلے پر نا اہل کر دیا جائے گا۔
12. میپکو کسی بھی مرحلے پر بھرتی کے عمل کو کوئی وجہ بتائے بغیر منسوخ کر سکتا ہے۔
13. ایسے درخواست گزار جنہوں نے پہلے Direct quota یا ایمپلائی سن کوٹہ کے تحت درخواستیں دی ہیں وہ دوبارہ اوپر بیان کردہ شرائط کے مطابق NTS کے ذریعے اپلائی کریں۔ پہلے سے جمع شدہ کسی درخواست پر کوئی کارروائی قابل عمل نہ ہوگی۔
14. مجاز اتھارٹی کسی بھی وقت بیان کردہ اسامیوں کی تعداد میں کمی کر سکتی ہے۔

### ملازمین کے بچوں کا 20% کوٹے پر اپلائی کرنے کا طریقہ کار:

1. میڈیکل گراؤنڈ پر ریٹائرڈ ملازمین، ریٹائرمنٹ کے بعد فوت ہونے والے ملازمین، ریٹائرڈ اور حاضر سروس ملازمین کے بچوں کو 20% ایمپلائی سن کوٹہ کے تحت بھرتی کیا جائے گا۔
2. ایمپلائی سن کوٹہ کے تحت اپلائی کرنے والے اُمیدوار NTS کی ویب سائٹ www.nts.org.pk پر آن لائن اپلائی کرینگے اور حتمی انتخاب کے وقت متعلقہ دفتر سے تصدیق شدہ فارم بمع ضروری سرٹیفکیٹس جمع کروائیں گے جنہیں پالیسی میں دیئے گئے آرڈر آف میرٹ کے مطابق پرکھا جائے گا۔
3. ایمپلائی سن کوٹہ کے تحت پہلے سے جمع کروائی گئی درخواستیں قابل عمل نہ ہوں گی۔

### درخواست دینے کا طریقہ کار:-

1. آن لائن رجسٹریشن اور درخواست جمع کروانے کیلئے NTS کی ویب سائٹ www.nts.org.pk وزٹ کریں۔
2. ٹیسٹ کی فیس مبلغ -/599 روپے ہے لیکن گورنمنٹ آف پاکستان (اسٹیبلشمنٹ ڈویژن) کی ہدایات کی روشنی میں 50% ٹیسٹ فیس امیدوار ادا کرے گا باقی 50% محکمہ (میپکو) ادا کرے گا لہٰذا امیدوار مبلغ -/300 روپے فیس مجوزہ بنک چالان پر جو کہ NTS کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے UBL, HBL, MCB یا ABL کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائے گا۔
3. جمع کرائی گئی رقم Non-Refundable / Non-Transferable ہوگی۔
4. اُمیدوار مکمل مجوزہ درخواست فارم اصل آن لائن ڈپازٹ فیس، شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی اور دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر کے ساتھ بذریعہ کوریئر سروس/پاکستان پوسٹ وغیرہ منیجر آپریشنز نیشنل ٹیسٹنگ سروس پلاٹ نمبر 96 گلی نمبر 4، سیکٹر ایچ-8/1 اسلام آباد، پر اشتہار کے شائع ہونے کے 15 دن کے اندر اندر بھیجے گا۔ کسی بھی وجہ سے مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔
5. اُمیدوار کسی بھی طرح کی مزید معلومات/دشواری کی صورت میں NTS کی ہیلپ لائن 1 844444 051 سے رجوع کریں۔

### انتباہ:-

امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ بھرتی کے عمل کے دوران کوئی بھی شخص آپ کی مدد نہیں کر سکتا۔ اسی لئے ایسے کسی بھی شخص سے رابطہ ہرگز نہ کریں جو کہ اس بات کا دعوٰی کرے کہ آپ کی بھرتی ممکن کروا سکتا ہے۔ حکومت پاکستان اور میپکو کی پالیسی/قوانین کے مطابق میپکو میں بھرتی کا عمل مکمل طور شفافیت سے بھرپور ہے، اس لئے کوئی بھی شخص امیدوار کے لئے معاون ثابت نہیں ہو سکتا۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

بجلی کے استعمال میں کفایت۔۔۔لوڈ شیڈنگ سے فوری نجات

ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر اینڈ ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر خانیوال روڈ، ملتان
فون نمبر: 061-9220267

SAY NO TO DRUGS

PID(L)-945